سوال

(469)کیا میری نماز صحیح ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میں نماز عصر کےلیۓ مسجد میں داخل ہوااور جماعت کے ساتھ مل گیا لیکن میری ایک رکعت فوت ہوگئی اور امام جب تیسری رکعت سے فارغ ہوا تو وہ بھول گیا اور چوتھی رکعت کے لیۓ کھڑا نہ ہوا مقتدیوں کو بھی خبر نہ ہوئی اور امام نے سلام پھیر دیا میں نے کھڑے ہو کر اس رکعت کو پڑھنا شروع کیا جو رہ گئی تھی اور جب میں سجدہ کے قریب پہنچا تو مقتدیوں نے امام کو بتایا کہ نماز میں یہ کوتاہی ہوگئی ہے لہذا وہ چوتھی رکعت پڑھنے کےلیۓ اٹھ کھڑے ہوئے میں بھی سجدہ مکمل کر کے ان کے ساتھ شامل ہوگیا اور میں نے رکعت پڑھی جلسہ تشہد بھی کیا ان کے ساتھ سجدہ سہو بھی کیا اور پھر ہم سب نے اکٹھا سلام پھیر دیا کیا اس صورت میں میری یہ نماز صحیح ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اس حالت میں جب آپ کوامام کے بھولنے کا علم ہوگیا تھا تو آپ پر واجب تھا کہ امام کو اس کی کوتاہی پر متنبہ کرتے لیکن اگر شک کی وجہ سے آپ بھی کھڑے ہوگئے تو کوئی حرج نہیں اوراب آپ کو یہ چاہیۓ تھا کہ انفرادی طور پر نماز کو جاری رکھتے اور اسے مکمل کرلیتے انفرادی طور پر ایک رکعت پڑھنے کے بعد علت کی وجہ سے دوبارہ ان کے ساتھ شامل ہونا جائز ہے امام نے جب سلام پھیر دیا تھا تو آپ کےلیۓ اب امام سے علیحدگی جائز تھی لیکن آپ بھی جب باقی مقتدیوں کی طرح دوبارہ امام کی اقتداء میں آگئے تو یہ بھی جائز ہے۔ (شیخ ابن جبرین رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ: جلد1

صفحہ نمبر403

محدث فتویٰ